مجلسِ کارکردگی کے

27 مَدَنی پھول

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

”بے سبب بخش دے مولا تیرا کیا جاتا ہے“ کے 27 حروف کی نسبت سے مجلس کارکردگی کے 27 مَدَنی پھول

فرامینِ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ:

❁ واقِعی ”میٹھے بول“ میں بڑی تاثیر ہوتی ہے اوراس سے پتھر دل بھی پگھل کر موم ہوجاتے ہیں لہٰذا انفرادی کوشش کرتے ہوئے ہمیشہ نرمی پیشِ نظر رکھنی چاہئے۔(نیکی کی دعوت ص403) ❁ اگر مَدَنی ماحول والے یا والی کے مزاج میں غصّہ، چڑچڑا پن اور بد اَخلاقی ہوئی تو کامیابی مشکل ہے۔(نیکی کی دعوت ص404) ❁ دعوتِ اسلامی کا99.99%مدنی کام انفرادی کوشش سے ممکن ہے۔

﴿1﴾ فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ۔یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطبراني، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص۱۸۵)اس لیےمجلس کارکردگی کا ہر ذِمہ دارامیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ”72مدنی انعامات“ میں سے ”مدنی انعام نمبر1“ پرعمل کرتے ہوئے یہ نیت کرتا رہے: ”میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کی ”مجلسِ کارکردگی“ کا مدنی کام مدنی مرکز کے طریقِ کار کے مطابق کروں گا،اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ۔“

﴿2﴾ مجلس کارکردگی دعوتِ اسلامی کا ایک اہم ترین شعبہ ہے،جس کا مدنی کام ذیلی حلقہ تا ملک،مختلف شعبہ جات،اعتکاف، مدنی عطیات،عشر،قربانی کی کھالیں،مدنی مذاکرہ، ہفتہ وار اجتماعات،بڑی رات کے اجتماعات (بارہویں،گیارہویں،شبِ معراج، شبِ قدر وغیرہ مواقع) اور دعوتِ اسلامی کے دیگر مدنی کاموں کی ماہانہ وسالانہ کارکردگی (تقابلی جائزہ،کامیابی کی شرح واہداف،گراف کا حصول ومتعلقہ نگران کو چیک کرواکر اپنے نگران کو بھیجنا،پیشگی جدول وکارکردگی جدول، مدنی مشوروں کی اطلاعات و طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اہداف کے بارے میں پوچھ گچھ(Follow Up)،تمام شعبہ جات کا باقاعدہ ریکارڈ، مدنی پھول وکارکردگی فارمز کوذمہ داران تک پہنچانا اورمکتب کے سسٹم میں ریکارڈ کو اپ ڈیٹ (Update) رکھنا،ذِمہ داران کی تقرری کی تفصیلات وغیرہ شامل ہے نیز تنظیمی معلومات مثلاً مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ) کی تعداد و پتے، مدرسۃ المدینہ للبنین وللبنات، جامعۃ المدینہ للبنین وللبنات،تعویذاتِ عطاریہ کے بستے،مکتبۃ المدینہ کی شاخیں تعداد و پتے اور تنظیمی نقشہ،دارالمدینہ (اگر ہو تو) تعداد و پتے وغیرہ اپ ڈیٹ رکھنا بھی ہے۔

﴿3﴾ مجلس کارکردگی کے ذمہ داران اپنے کمپیوٹر میں ڈیٹا (Data) اُسی انداز میں رکھیں جو انداز پاکستان انتظامی کابینہ مکتب / مکتب مجلس بیرونِ ملک سے طے ہوا ہے۔

﴿4﴾ **مجلس کارکردگی** کے ذمہ داران کے پاس اراکینِ شوریٰ، نگرانِ کابینات ونگرانِ کابینہ، اراکینِ کابینہ، تمام شعبہ جات سے متعلقہ اسلامی بھائیوں کے نام، فون نمبرز، ای میل ایڈریس اور مکمل پتے موجود ہوں تاکہ بوقتِ ضرورت ان سے رابطہ کیا جاسکے۔

﴿5﴾ **مجلس کارکردگی** کے ذمہ داران امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ، نگرانِ شوریٰ و پاکستان انتظامی کابینہ مکتب اور مکتب مجلس بیرونِ ملک سے آنے والی E-Mails کا ریکارڈ رکھیں اور آنے والی میلز سے متعلقہ نگران کو ہر وقت اپ ڈیٹ رکھیں اور بروقت E-Mails کا رپلائی دیں۔

﴿6﴾ **مجلس کارکردگی** کے ذمہ داران کارکردگی کی اسکین (Scan) شدہ فائل E-Mail نہ کریں بلکہ متعلقہ سافٹ ویئر کی فائل میل کریں اور جو کارکردگی بذریعہ ڈاک یا کارکردگی فارم پر ملے اُس کا ریکارڈ بنائیں۔

﴿7﴾ کارکردگی طلب کرنے میں **مجلس کارکردگی** کے ذمہ داران کا انداز **گرم نہیں بلکہ نرم** ہونا چاہئے، فون یا E-Mail میں کوئی کیسی ہی ناگوار گفتگو کرے ہمیں صبر وتحمل کا دامن تھامے رہنا ہے اور کوئی ایسا انداز اختیار نہیں کرنا کہ کسی کی **دل آزاری** ہو۔

﴿8﴾ **مجلس کارکردگی** کے ذمہ داران اپنے نگران (نگرانِ مشاورت، نگرانِ مجلس) کو کارکردگی کا تقابلی جائزہ، کامیابی کی شرح و اہداف اور گراف مدنی مرکز کی طرف سے دی جانے والی مقررہ تاریخ کو بغیر طلب کئے پیش کریں، جن مدنی کاموں میں ترقی ہو اُس پر متعلقہ نگران کی طرف سے بذریعہ E-Mail/SMS متعلقہ ذمہ دار کی حوصلہ افزائی اور جن مدنی کاموں میں تنزلی ہو اُس پر ترغیبی E-Mail/SMS کی ترکیب بنوا کر ذمہ داران کی توجہ مدنی کاموں کی طرف مبذول کروائیں۔

﴿9﴾ **مجلس کارکردگی** کے ذمہ داران، کارکردگی فارم میں مدنی کاموں کی کمزوری متعلقہ نگران کو ضرور پیش کریں تاکہ وہ اس کا **بروقت جائزہ** لے کر اس کمزوری کو دور کرسکیں۔

﴿10﴾ جن مدنی کاموں کے اہداف مدنی مشوروں میں طے ہوں، اُن اہداف کا وقت گزرنے کے بعد متعلقہ اسلامی بھائیوں سے رابطہ کرکے اُس مدنی کام کے متعلق پوچھ گچھ کرکے اپنے نگران کو بغیر پوچھے پیش کریں۔

﴿11﴾ **مجلس کارکردگی** کے ذمہ داران نگران سے **مشورہ کئے بغیر** کسی بھی شعبے کے مدنی کام کا عملی جائزہ نہ لیں اور جس شعبے کی عملی کارکردگی کے جائزے کا متعلقہ نگران فرمائے تو اُس کا **خُلاصہ** (Summary)، ایک ہی صفحے (Page) پر بنا کر اپنے نگران کو بغیر طلب کیے پیش کریں۔

﴿12﴾ کابینات پر کارکردگی ذِمہ دار کے پاس اتنے کام ہیں کہ اس کا **کُل وقتی** ہونا سمجھ میں آتا ہے جبکہ **کابینہ کارکردگی ذِمہ دار اجیر** نہیں ہوگا۔ (بیرونِ ملک والے ذمہ داران، متعلقہ رکنِ شوریٰ کی اجازت کے بغیر اجیر نہ رکھیں)

﴿13﴾ ہمارے پاس جو بھی **تنظیمی تربیت** ہے، وہ دعوتِ اسلامی کی امانت ہے اور یہ امانت نئے ذمہ دار اسلامی بھائیوں کو منتقل

کرنا ہماری تنظیمی واخلاقی ذمہ داری ہے۔

﴿14﴾ کہا جاتا ہے کہ **"شرفاء کے سینے رازوں کے دفینے"**، اگر کسی کی کوئی کمزوری معلوم ہو جائے تو اُس کو **چھپایا جائے** ان شآءاللہ عزوجل ہمارے عیب بھی چھپائے جائیں گے۔ چنانچہ

حضرتِ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آقائے مظلوم، سرورِ معصوم، حسنِ اخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، مَحبوبِ رَبِّ اکبر صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم نے فرمایا کہ "جو بندہ دنیا میں کسی بندے کی پردہ پوشی کرے گا اللہ عزوجل قیامت کے دن اس بندے کی پردہ پوشی کرے گا۔" (صحیح مسلم، کتاب البر والصلة، باب تحریم الغیبة، رقم ۲۵۹۰، ص ۱۳۹۷)

﴿15﴾ **مجلس کارکردگی** کے ذمہ داران، اپنے طور پر کوئی بھی **فارم مرتب** نہ کریں، کسی فارم کے حوالے سے آپ کی تجاویز و مشورے ہوں تو تحریری طور پر پاکستان انتظامی کابینہ مکتب / متعلقہ مکتب مجلس بیرون ملک (عطاری/ نعیمی/ سہروردی/ رضوی/ قادری/ ہجویری/ فریدی/ جیلانی) کو میل کر دیں۔

﴿16﴾ کارکردگی ذمہ دار، مدنی انعامات و مدنی قافلہ کورس یا مدنی تربیتی کورس کیا ہوا ہونا بہتر ہے، اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے مدنی انعامات پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروانے اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 30 دن اور ہر 30 دن میں کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کرنے کی کوشش کریں۔

﴿17﴾ کابینہ، ملکی یا بین الاقوامی سطح پر اجتماعات میں (اجتماع گاہ میں) کابینات سطح پر مکتب کی ترکیب کی جائے۔ (فی الوقت پاکستان میں بڑے اجتماعات کے حالات نہیں ہیں، بیرونِ ملک والے بھی اُس وقت تک کسی اجتماع کی بھی ترکیب نہ کریں جب تک متعلقہ رکنِ شوریٰ سے اجازت نہ ہو جائے)

﴿18﴾ ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

#	سطح	ذمہ دار
1	کابینہ	کابینہ کارکردگی ذمہ دار
2	کابینات	کابینات کارکردگی ذمہ دار
3	ملک	نگرانِ مجلس کارکردگی
4	رُکنِ شوریٰ	مجلس کارکردگی

❁ کابینات ذمہ داران، پاکستان سطح کی مجلس کے رکن ہیں، اسی مجلس میں سے ایک مدنی انعامات اور ایک مدنی قافلہ ذمہ دار ہوں گے ❁ مختلف ممالک میں مُلکی سطح پر مجلس ہوگی، جو رکنِ شوریٰ کے تحت ہوگی۔ (بیرونِ ملک والے ذمہ داران، متعلقہ رکنِ شوریٰ کی اجازت کے بغیر ذمہ دار نہ بنائیں) ❁ یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین و نگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی

اجازت ضروری ہے۔(امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

﴿19﴾ مَدَنی مشوروں کی تاریخیں و مَدَنی پھول:

#	تاریخ	مَدَنی مشورہ لینے والے	سطح	شرکاء	مَدَنی پھول
1	6	نگرانِ کابینات / کابینات ذمہ دار	کابینات	کابینہ ذمہ داران	انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول وجدول کارکردگی، ذِمہ داران کے تقرر، ترقی وتنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ
2	7	رکنِ شوریٰ / نگرانِ مجلس	ملک	کابینات ذمہ داران	//

وضاحت: **رُکنِ شوریٰ/نگرانِ مجلس**، پاکستان سطح کی مجلس کا **ہر ماہ مدنی مشورہ** فرمائیں، ایک ماہ **بذریعہ انٹرنیٹ** اور ایک ماہ **بالمشافہ**

کارکردگی فارم جمع کروانے کی تاریخیں: ذیلی حلقہ وحلقہ:1، علاقہ / شہر:2، ڈویژن:3، کابینہ:5، کابینات:6، ملک:7

﴿20﴾ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نگران سے اجازت ضروری ہے ❁ جب بڑی سطح کے ذمہ دار دیگر سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ کرلیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا (مثلاً کابینہ ذمہ دار نے نگرانِ کابینہ کی اجازت سے ڈویژن ذمہ داران کے ساتھ ساتھ علاقہ ذمہ داران کا بھی مدنی مشورہ لیا تو اب ڈویژن ذمہ داران اس ماہ علاقہ ذمہ داران کا مدنی مشورہ نہیں کریں گے) ❁ اسی طرح جس ماہ نگرانِ کابینہ / مشاورت شعبے کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ فرمائیں گے، اس ماہ بھی شعبہ ذمہ داران ماہانہ مدنی مشورہ نہیں کریں گے۔(شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے نگرانِ مشاورت سے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا مشورہ کروانا مفید ہے)

﴿21﴾ پاکستان/ بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار ہر مدنی ماہ کی 7 تاریخ تک کارکردگی متعلقہ رُکنِ شوریٰ اور پاکستان انتظامی کابینہ/ متعلقہ مکتب مجلس بیرون ملک (عطاری/ نعیمی/ سہروردی/ رضوی/ قادری/ ہجویری/ فریدی/ جیلانی) کو میل کردیں۔ (یادرہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہوسکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کردیں)

﴿22﴾ کابینہ تا ملک ذمہ دار ہر ماہ کا پیشگی جدول مدنی ماہ کی 19 تاریخ تک اپنے نگران (مشاورت/ نگرانِ کابینہ) سے منظور کروائے، پھر اس کے مطابق پیشگی اطلاع کے ساتھ اپنے جدول پر عمل کرے اور مہینہ مکمل ہونے کے بعد 3 تاریخ تک کارکردگی جدول اپنے نگران (مشاورت/ نگرانِ کابینہ) اور ذمہ دار کو پیش کرے۔

❁ کابینات ذمہ دار کو چاہئے کہ اپنی ڈیوٹی کے ہر گھنٹے کا جدول اپنے نگران کی مشاورت سے بنائے۔

﴿23﴾ ذیلی حلقے 12 کے مدنی کاموں کے اہداف

روزانہ کے 5 مدنی کام: ﴿1﴾ **صدائے مدینہ:** (فی ذیلی حلقہ کم از کم 4 اِسلامی بھائی) ﴿2﴾ **بعدِ فجر مدنی حلقہ:** (فی ذیلی حلقہ، کم از کم شرکاء 12 اِسلامی بھائی) ﴿3﴾ **مسجد درس:** (ہر مسجد میں روزانہ کم از کم 1 درسِ فیضانِ سُنّت) ﴿4﴾ **مدرسۃ المدینہ بالغان:** (فی ذیلی حلقہ کم از کم 1، شرکاء:19) ﴿5﴾ **چوک درس:** (فی ذیلی حلقہ 1، شرکاء:26)

ہفتہ وار 5 مدنی کام: ﴿6﴾ **ہفتہ وار اجتماع:** (فی ذیلی حلقہ کم از کم 12 اسلامی بھائی) ﴿7﴾ **یومِ تعطیل اعتکاف:** (اطراف/گاؤں، ہدف فی حلقہ، شرکاء کم سے کم 5 اسلامی بھائی) ﴿8﴾ **ہفتہ وار مدنی مذاکرہ/مسجد اجتماع/تربیتی حلقہ:** (ذیلی حلقے کے اسلامی بھائی ڈویژن سطح پر جامعۃ المدینہ/مدرسۃ المدینہ/فیضانِ مدینہ (خارجِ مسجد) میں ہر ہفتے اجتماعی طور پر مدنی مذاکرے میں شرکت کریں، جس ڈویژن میں مسجد اجتماع ہو (نگرانِ کابینہ کی اجازت سے (اس کی ترکیب فی الحال صرف باب المدینہ میں ہے)) وہ بعدِ اجتماع مدنی مذاکرے میں شرکت کریں۔ حلقے میں حلقہ سطح پر جمعہ/اتوار کے دن بعدِ ظہر/عصر/مغرب تربیتی حلقے کی ترکیب ہو (دورانیہ:63 منٹ، 12 ماہ کا مکمل جدول الگ سے میل کیا جاچکا ہے) جس میں بالخصوص شعبۂ تعلیم اور دیگر سرکاری محکموں کے افراد کو شامل کیا جائے، اگر یومِ تعطیل اعتکاف کی ترکیب جمعہ کے دن ہو تو تربیتی حلقہ اتوار کے دن اور اگر یومِ تعطیل اعتکاف اتوار کے دن ہو تو تربیتی حلقہ جمعہ کے دن لگایا جائے ﴿9﴾ **کیسٹ/VCD اجتماع:** (ہر ذیلی حلقے میں ہفتہ وار، شرکاء: کم از کم 12 اسلامی بھائی) ﴿10﴾ **علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت:** (شرکاء کم از کم 4 اسلامی بھائی)

ماہانہ 2 مدنی کام: ﴿11﴾ **مدنی قافلہ:** ❁ ہر ماہ **فی حلقہ 3 دن** کا ایک مدنی قافلہ، شرکاء 12 اسلامی بھائی ❁ ہر ماہ **فی علاقہ 12 دن** کا ایک مدنی قافلہ ❁ ہر ماہ **فی ڈویژن 30 دن** کا ایک مدنی قافلہ ❁ ہر ماہ **فی کابینہ 63 دن** (مدنی تربیتی کورس) کے 41 اسلامی بھائی ❁ ہر ماہ **فی کابینہ 41 دن** (مدنی انعامات و مدنی قافلہ کورس) کے 19 اسلامی بھائی ﴿12﴾ **مدنی انعامات:** (فی ذیلی حلقہ کم از کم 26 رسائل)

(یاد رہے! اہداف میں دی گئی تعداد کم از کم ہے، کارکردگی اس سے زیادہ ہی ہونی چاہئے)

﴿24﴾ متعلقہ نگران کی مشاورت سے منگل (یا کسی بھی مقررہ دن) ہفتہ وار اپنے متعلقہ مدنی کاموں (پوچھ گچھ واطلاعات وغیرہ) کا جائزہ لیا کریں۔

﴿25﴾ متعلقہ نگرانِ مشاورت سے مربوط رہیں، انہیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔ جو نگران سے جتنا زیادہ مربوط رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

❁ متعلقہ رکنِ شوریٰ سے وقت لے کر وقتاً فوقتاً کابینہ ذمہ داران کی تربیت کی ترکیب کرتے رہیں۔

﴿26﴾ **یاد رہے** کہ متعلقہ رکنِ شوریٰ/مجلس بیرونِ ملک ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔

❁ کفایت شعاری اور زائد اخراجات کو کم کریں ❁ مالِ وقف کی اشیاء کی حفاظت، فون اور بجلی کے استعمال وغیرہ میں بھی یہ بات ذہن میں رہنی چاہیئے کہ ہم مالِ وقف کی اشیاء استعمال کر رہے ہیں ❁ صفائی اور نظم وضبط بالخصوص وقت کی پابندی اور مکتب کی اشیاء کو ترتیب سے رکھنے کی ترکیب کی جائے۔

﴿27﴾ ذمہ داران اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:

❁ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں۔ فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیر اہلسنّت، کنز الایمان، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم اور مکتبۃ المدینہ کے کتب ورسائل وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔

❁ **مدنی حلیے** ﴿**داڑھی**، زُلفیں، سر پر سبز سبز عمامہ شریف (سبز رنگ گہرا یعنی ڈارک نہ ہو) کلی والا سفید کُرتا سنّت کے مطابق آدھی پنڈلی تک لمبا، آستینیں ایک بالشت چوڑی، سینے پر دل کی جانب والی جیب میں نُمایاں مسواک، پاجامہ یا شلوار ٹخنوں سے اُوپر (سر پر سفید چادر اور پردے میں پردہ کرنے کیلئے **مدنی انعامات** پر عمل کرتے ہوئے کتھئی چادر بھی ساتھ رہے تو مدینہ مدینہ)﴾ کی پابندی کریں۔

❁ عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں، روزانہ کم از کم دو (2) گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے مثلاً مدنی قافلے میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کرتے ہوئے روزانہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم ازکم دو اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش، علاقائی دورہ، مدرسۃ المدینہ بالغان، بعدِ فجر مَدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندیٔ وقت کے ساتھ اول تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے مدنی انعامات پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں 30 دن اور ہر 30 دن میں کم ازکم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کا **دوست، پیارا، منظورِ نظر** اور **محبوب** بننے کی سعی جاری رکھیے۔ اِستقامت پانے کے لئے کم ازکم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنا لیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنایئے۔

❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنایئے۔

❁ اراکینِ مجلس، مدنی انعام نمبر 47 پر عمل کرتے ہوئے روزانہ کم ازکم **1 گھنٹہ 12 منٹ مدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب بنائیں نیز ہفتہ وار Live مدنی مذاکرہ دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر **ریکارڈ** مدنی مذاکروں اور مدنی چینل کے سلسلوں کو اہتمام کے ساتھ

دیکھنے کی مدنی التجاء ہے۔

❁ دورانِ مدنی کام وملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/ طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/ طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرۂ قادریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دلائیں۔

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مَدَنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔ ❁ مَدَنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عزَّوَجلَّ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟ (ہاں خود سمجھانے کی جرأت نہ ہو یا ناکامی کی صورت میں تنظیمی ترکیب کے مطابق مسئلہ حل کرنے میں مضائقہ نہیں)

مرکزی مجلسِ شوریٰ ﴿دعوت اسلامی﴾

مَدَنی مقصد: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عزَّوَجَلَّ

تاریخ اجراء: ۱۳ رجب المرجب ۱۴۳۵ھ / 12 مئی 2014ء